آزمائشی اشاعت

# اُردو قاعِدہ

## پہلی جماعت کے لیے

اُردو نصاب (لازمی) ۲۰۱۸ کے مطابق



سندھ ٹیکسٹ بُک بورڈ

www.perfect24u.com

# اُردُو قاعِدَہ

## پہلی جماعت کے لیے

اُردُو نصاب (لازمی) ۲۰۱۸ کے مطابق



سندھ ٹیکسٹ بُک بورڈ، جام شورو

www.perfect24u.com

جملہ حقوق بہ حق سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ محفوظ ہیں
تیار کردہ: سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ، جام شورو

منظور شدہ: نظامتِ نصاب، جائزہ و تحقیق سندھ، جام شورو اور محکمہ تعلیم و خواندگی برائے اسکول سندھ۔
جائزہ شدہ: صوبائی کمیٹی برائے جائزہ درسی کتب و نصاب سندھ۔
مراسلہ نمبر: ایس او (جی- III) ایس ای ایل ڈی/ ۳-۹۱۰/۱۸ بہ تاریخ ۲۴ جنوری ۲۰۲۰
تکنیکی معاونت پی آر پی (پاکستان ریڈنگ پروجیکٹ)

---

نگرانِ اعلیٰ
احمد بخش ناریجو
چیئرمین سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ، جام شورو

نگراں
ناہید اختر

مصنفین
* محمد ناظم علی خان ماتلوی * پروفیسر ڈاکٹر عتیق احمد جیلانی * شاہدہ ماہین * زینت علی * عظمیٰ شیخ

نظر ثانی و تدوین نو
* سیّد مسرّت حسین رضوی * محمد وسیم مغل * شگفتہ جبین * زاہدہ بنگش

مدیر
محمد ارشاد قریشی

سرورق
ساجدہ یوسف شیخ

پروف ریڈر
نسرین سحر

کمپوزنگ
* دین محمد میر بحر * محمد سفیان شیخ

گرافک ڈیزائن:
عدنان معین



www.perfect24u.com

# پیش لفظ

سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ ایک ایسا تعلیمی ادارہ ہے جس کا فریضہ درسی کتب کی تیاری و اشاعت ہے۔ اس کا اوّلین مقصد ایسی درسی کتب کی تیاری و فراہمی ہے جو نَسلِ نو کو شعور و آگہی اور ایسی صلاحیت بخشیں جن کے ذریعے وہ اسلام کے آفاقی نظریات ، بھائی چارے ، اسلاف کے کارناموں اور اپنے ثقافتی ورثہ و روایات کی پاس داری کرتے ہوئے دورِ جدید کے نت نئے سائنسی ، تکنیکی اور معاشرتی تقاضوں کا مقابلہ کرکے کام یاب زندگی گزار سکے ۔

اس اعلیٰ مقصد کی تکمیل کی غرض سے اہلِ علم ، ماہرین مضامین ، مدرّسینِ کرام اور مخلص احباب کی ایک ٹیم ہر سمت سے حاصل ہونے والی تجاویز کی روشنی میں ہماری درسی کتب کے معیار ، جائزے اور ان کی اصلاح کے لیے ہمارے ساتھ پیہم مصروفِ عمل ہے۔

ہمارے ماہرین اور اشاعتی عملے کے لیے اپنے مطلوبہ مقاصد کا حُصول اسی صورت میں ممکن ہے کہ ان کتب سے اساتذہ کرام اور طلبہ و طالبات کما حقّہ اِستفِادہ کریں۔ علاوہ ازیں ان کی تجاویز و آرا ان کتب کے معیار کو مزید بہتر بنانے میں ہمارے لیے مُمدومُعاون ثابت ہوں گی۔

چیئرمین
سندھ ٹیکسٹ بک بورڈ، جام شورو



www.perfect24u.com

# فہرست


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ | نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | پیش لفظ | ۳ | ۲۰ | جائزہ | ۳۸ |
| ۲ | ہدایات برائے اساتذہ | ۵ | ۲۱ | مفرد حروفِ تہجی مع تصاویر (یک جا) | ۳۹ |
| ۳ | قبل از تحریر بنیادی مشقیں | ۷ | ۲۲ | نظم : ”بات سے بات“ | ۴۰ |
| ۴ | حروفِ تہجی ”الف“ تا ”ث“ | ۸ | ۲۳ | مرکب حروفِ تہجی ”بھ“ تا ”پھ“ | ۴۱ |
| ۵ | جائزہ | ۱۱ | ۲۴ | مرکب حروفِ تہجی مع تصاویر (یک جا) | ۴۹ |
| ۶ | نظم: ”دعا“ | ۱۲ | ۲۵ | زیر- زبر - پیش کا تعارف | ۵۰ |
| ۷ | حروفِ تہجی ”ج“ تا ”خ“ | ۱۴ | ۲۶ | ایک اور دو رکنی مفرد حروف والے الفاظ | ۵۱ |
| ۸ | جائزہ | ۱۶ | ۲۷ | حروف کی مختلف شکلیں | ۵۲ |
| ۹ | سبق ”اسکول“ | ۱۷ | ۲۸ | یک رکنی مرکب لفظ | ۵۴ |
| ۱۰ | حروفِ تہجی ”د“ تا ”ژ“ | ۱۸ | ۲۹ | دو رکنی مرکب لفظ | ۵۶ |
| ۱۱ | جائزہ | ۲۱ | ۳۰ | سہ رکنی مرکب لفظ | ۵۸ |
| ۱۲ | سبق: ”وقت دولت ہے“ | ۲۲ | ۳۱ | نون غنہ اور تشدید | ۶۰ |
| ۱۳ | حروفِ تہجی ”س“ تا ”ظ“ | ۲۳ | ۳۲ | واو معدولہ | ۶۱ |
| ۱۴ | جائزہ | ۲۶ | ۳۳ | جزم | ۶۲ |
| ۱۵ | نظم : ”چاند، تارے“ | ۲۷ | ۳۴ | تنوین | ۶۳ |
| ۱۶ | حروفِ تہجی ”ع“ تا ”گ“ | ۲۸ | ۳۵ | نظم: ”دُعا“ | ۶۴ |
| ۱۷ | جائزہ | ۳۱ | | | |
| ۱۸ | سبق: ”میں سب کچھ کر سکتا ہوں“ | ۳۲ | | | |
| ۱۹ | سبق: ”ل“ تا ”ے“ | ۳۴ | | | |




www.perfect24u.com

# ہدایات برائے اساتذہ
## (پڑھانے سے پہلے اِسے ضرور پڑھیے)

ا۔ صوتی طریقہ

اس قاعدے میں الف سے ے تک تمام حُروف کی تدریس کے لیے صوتی طریقے (Phonetic Method) کو بنیاد بنایا گیا ہے۔ جب کہ تحلیلی و ترکیبی طریقے بھی شامل کیے گئے ہیں۔ صوتی طریقے پر حروفِ تہجّی کی تدریس کے لیے درج ذیل اقدامات تجویز کیے جاتے ہیں۔

- سب سے پہلے ایسی تصویر دکھائیے جس کا نام ہدفی حرف سے شروع ہوتا ہو۔ مثلاً: حرف "ب" سکھانا مقصود ہو تو پہلے بطخ کی تصویر کی جانب توجّہ دلاتے ہوئے بچوں سے پوچھیے یہ کس کی تصویر ہے ؟
- جب بچے لفظ بطخ ادا کردیں تو اس آواز میں سے /ب/ الگ کرتے ہوئے پوچھیے /ب/، /طخ/ ان میں شروع کی آواز کون سی ہے؟
- پھر بچوں کو بتائیے کہ آواز /ب/ کی ایک شکل بھی ہوتی ہے۔ اس کے ساتھ ہی حرف "ب" تختۂ تحریر پر بڑا اور واضح لکھیے۔
- اَب بچّوں کو بتائیے کہ اس آواز اور شکل کا ایک نام بھی ہے۔ اسے "بے" کہتے ہیں۔
- حرف "ب" انگلی کی مدد سے ہوا میں، ڈیسک یا میز پر لکھوائیے۔
- آخر میں مشق کرائیے: "ب" سے "بطخ"۔ /ب/، /طخ/، /بطخ/۔

۲۔ بصری الفاظ (Sight Words) کی تدریس

بصری الفاظ کسی عبارت میں بار بار آنے والے الفاظ ہیں مثلاً ہے، ہیں، وہ، یہ، تم، میں وغیرہ بصری الفاظ ہجّے کے ذریعے پڑھنا نہیں سکھائے جاتے، بلکہ روزانہ ایک ایک لفظ طلبہ کو دکھایا جاتا ہے اور کسی تصویر کی طرح ذہن نشین کرایا جاتا ہے:

مثال: بصری لفظ "یہ" کی تدریس کے لیے درج ذیل اقدامات کیے جائیں:



www.perfect24u.com

- سب سے پہلے طلبہ کو بتائیے کہ ہمارا آج کا بصری لفظ ہے: "یہ"
- پھر بورڈ پر بڑے اور واضح انداز میں لکھ دیجیے: "یہ"
- اب لفظ "یہ" کی بار بار ادائی کرائیے۔
- لفظ "یہ" انگلی کی مدد سے ہوا میں، ڈیسک، میز یا زمین پر بار بار لکھوائیے تاکہ لفظ "یہ" کسی تصویر کی طرح طلبہ کے ذہنوں پر نقش ہوجائے۔
- آخر میں اسے فلیش کارڈ پر لکھ کر کمرۂ جماعت کی لفظی دیوار (Wordwall) پر آویزاں کردیجیے۔

۳۔ بلند خوانی:
قاعدے میں دی گئی کہانیاں اور نظمیں بچوں کے پڑھنے کے لیے نہیں ہیں بلکہ سُننے کا مواد ہے۔ اساتذہ انھیں بلند آواز، درست تلفظ، درست لب و لہجے، روانی اور تاثرات کے ساتھ پڑھ کر سُنائیں۔

۴۔ حُروفِ علّت اور ان کی آوازیں
حروفِ علّت: ا، و، ی، ے ہیں، جن کی دس آوازیں ہیں۔ طلبہ کو ان آوازوں اور ان سے بننے والے الفاظ کی مشق کرائیے۔ (اَ، آ، اِ، ای، اُ، اُو، او، اَو، اے، اَے)

| | |
|---|---|
| اَ | اَب، دَس، بَس، جَب |
| آ | آم، آپ، آج، آٹھ |
| اِ | اِس، اِن، پِن، جِن |
| ای | بی، جی، تھی، دی، لی |
| اُ | اُن، اُس، اُگ، اُڑ |

| | |
|---|---|
| اُو | دُور، رُوم، ڈُوب، دُودھ |
| او | جو، سو، لو، دو |
| اَو | اَور، طَور، غَور، دَور |
| اے | دے، لے، آئے، لائے |
| اَے | ہَے، شَے، طَے، نَے |

۵۔ "پڑھیے اور لکھیے" کی سرگرمیوں میں
مثلاً آٹ، اٹ وغیرہ
اسباق کے آخر میں چند بامعنی اور بے معنی الفاظ دیے گئے ہیں۔ جن کی تدریس کا مقصد طلبہ کے پڑھنے کی صلاحیت کو بڑھانا ہے

٦۔ مہارت "لکھنا" کی تدریس میں تختی اور سلیٹ کا استعمال بھی تجویز کیا جاتا ہے۔



www.perfect24u.com

# قبل از تحریر بنیادی مشقیں

پہلا مرحلہ
(بچّوں سے آزادانہ ہاتھ پھیرنے کی مشق کرائیے)

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نقطہ | • | • | • | • | • | • | • | • | • |
| دائرہ | | | | | | | | | |
| لہر | | | | | | | | | |

دوسرا مرحلہ
(بچّوں سے اوپر سے نیچے اور دائیں سے بائیں خطوط پر ہاتھ پھیرنے کی مشق کرائیے)

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عُمودی خط | | | | | | | |
| اُفُقی خط | | | | | | | |
| خَمیدہ خط | | | | | | | |
| نیم مُدَوَّری خط | | | | | | | |
| ہِلالی خط | | | | | | | |
| لہریہ خط | | | | | | | |
| دندانی خط | | | | | | | |
| چَشمی خط | | | | | | | |



www.perfect24u.com

# بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شُروع اَللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

## حاصلاتِ تعلّم (SLOs)

اس سبق کی تدریس کے بعد طلبہ:

۱. الفاظ سن کر ان کی ابتدائی آوازیں الگ کر سکیں۔
۲. ابتدائی آوازیں /ا/ اور /آ/ سن کران کے حروف "ا" اور "آ" کو پہچان سکیں۔
۳. حروف کی شکلوں اور ان کے ناموں کو جان سکیں۔
۴. یک رُکنی لفظ پڑھ سکیں۔



# ا

**۱ سننا اور بولنا** دو دو الفاظ سُنیے اور بتایئے کہ آواز /ا/ کس لفظ کے شروع میں آرہی ہے؟

امرُود - پانی | اچار - برف

**۲ پڑھنا، بولنا اور لکھنا** پڑھیے، بولیے اور لکھیے:

ا ا ا ا



# آ

**۱ سننا اور بولنا** دو دو الفاظ سُنیے اور بتایئے کہ آواز /آ/ کس لفظ کے شروع میں آرہی ہے؟

آپا - باجا | آلُو - خالو

**۲ پڑھنا، بولنا اور لکھنا** پڑھیے، بولیے اور لکھیے:

آ آ آ آ

| | |
|---|---|
| برائے اساتذہ: | صفحات نمبر ۵ اور ۶ پر دی گئی ہدایات کو نہایت توجّہ سے پڑھیے پھر ان پر عمل کرتے ہوئے تدریس کیجیے |



www.perfect24u.com

## حاصلاتِ تعلّم (SLOs)

اس سبق کی تدریس کے بعد طلبہ:

۱. الفاظ سن کر ان کی ابتدائی آوازیں الگ کر سکیں۔
۲. ابتدائی آوازیں /ب/ اور /پ/ سن کران کے حروف "ب" اور "پ" کو پہچان سکیں۔
۳. حروف کی شکلوں اور ان کے ناموں کو جان سکیں۔
۴. یک رُکنی لفظ پڑھ سکیں۔



# ب

**۱ سننا اور بولنا**

الفاظ سُنیے اور بتائیے کہ آواز /ب/ کس لفظ کے شروع میں ہے:

| | |
|---|---|
| برفی - سردی | رستہ - بستہ |

**۲ پڑھنا، بولنا اور لکھنا**

پڑھیے، بولیے اور لکھیے:

ب ب ب ب



# پ

**۱ سننا اور بولنا**

وہ دو الفاظ سُنیے اور بتائیے کہ آواز /پ/ کس لفظ کے شروع میں ہے:

| | |
|---|---|
| پاکستان - بلوچستان | زردہ - پردہ |

**۲ پڑھنا، بولنا اور لکھنا**

پڑھیے، بولیے اور لکھیے:

پ پ پ پ

| پڑھیے اور لکھیے: | آب، آپ، آ آپ آ، آ آب آ |
|---|---|

| برائے اساتذہ: | صفحات نمبر ۵ اور ۶ پر دی گئی ہدایات کو نہایت توجّہ سے پڑھیے پھر ان پر عمل کرتے ہوئے تدریس کیجیے |
|---|---|



www.perfect24u.com

پہلا ہفتہ

## حاصلاتِ تعلّم (SLOs)

اس سبق کی تدریس کے بعد طلبہ:

۱. الفاظ سن کر ان کی ابتدائی آوازیں الگ کر سکیں۔
۲. ابتدائی آوازیں /ت/، /ٹ/ اور /ث/ سن کر ان کے حروف "ت"، "ٹ" اور "ث" کو پہچان سکیں۔
۳. حروف کی شکلوں اور ان کے ناموں کو جان سکیں۔
۴. یک رُکنی لفظ پڑھ سکیں۔



# ت

**۱ سننا اور بولنا** — دو دو الفاظ سُنیے اور بتائیے کہ آواز /ت/ کس لفظ کے شروع میں آرہی ہے؟

تارا - مارا | سادہ - تازہ

**۲ پڑھنا، بولنا اور لکھنا** — پڑھیے، بولیے اور لکھیے:

ت ت ت ت



# ٹ

# ث



**۱ سننا اور بولنا** — دو دو الفاظ سُنیے اور بتائیے کہ آواز /ٹ/ اور آواز /ث/ کس لفظ کے شروع میں آرہی ہے؟

ٹب - تب ‖ مَن - ٹَن | ثروت - دعوت ‖ ثواب - جواب

**۲ پڑھنا، بولنا اور لکھنا** — پڑھیے، بولیے اور لکھیے:

ٹ ٹ ٹ ث ث ث

| | | |
|---|---|---|
| پڑھیے اور لکھیے: | آب، آپ، آ آپ آ، اب آ | آٹ، ات |

| | |
|---|---|
| برائے اساتذہ: | صفحات نمبر ۵ اور ۶ پر دی گئی ہدایات کو نہایت توجّہ سے پڑھیے پھر ان پر عمل کرتے ہوئے تدریس کیجیے |



www.perfect24u.com

# جائزہ

**۱ سننا اور بولنا**

لفظوں کو غور سے سُنیے اور مختلف آواز سے شروع ہونے والا لفظ بتائیے:

امّی - ترازو - ابّو | آؤ - پیچھے - آواز | بچّہ - بتّی - اجرک

پردہ - بطّخ - پر | جال - تکیہ - تازہ | ٹرک - بال - ٹرالی

ثمینہ - ثمر - ٹافی

**۲ لکھنا**

حروف کو تصاویر سے ملائیے:

| | |
|---|---|
|  | ب |
|  | ث |
|  | ت |
|  | ا |
|  | ٹ |
|  | پ |
|  | آ |

برائے اساتذہ: صفحات نمبر ۵ اور ۶ پر دی گئی ہدایات کو نہایت توجّہ سے پڑھیے پھر ان پر عمل کرتے ہوئے تدریس کیجیے



www.perfect24u.com

### حاصلاتِ تعلّم (SLOs)

اس سبق کی تدریس کے بعد طلبہ:

۱. نظم سن کر اس کا عمومی مطلب سمجھ سکیں اور تفہیمی سوالات کے جواب دے سکیں۔
۲. چھپائی کا تصور: نظم کے عنوان، نظم کے پہلے اور آخری حرف کی نشان دہی کر سکیں۔
۳. نام سن کر چیزوں کو پہچان سکیں اور اپنے ذخیرۂ الفاظ میں اضافہ کریں۔ بلند خوانی سن کر الفاظ اور جملوں کو درست طور پر ادا کر سکیں۔
۴. نظم اور حمد کا مطلب جان سکیں۔

(بچوں کے سننے کے لیے)

# دُعا



میرے خُدا، میرے خُدا
تو ہے بڑا، سب سے بڑا

تُو نے مجھے پیدا کیا
تُو نے مجھے سب کچھ دیا

چھوٹا ہوں میں، تُو ہے بڑا
ہو شُکر پھر، کیسے ادا

میرے خُدا، میرے خُدا
سنتا ہے تُو، سب کی دُعا



www.perfect24u.com

اس بات کی توفیق دے
کرتا رہوں سب کا بَھلا

ہر ایک کی خِدمت کروں
ہر اک کے کام آؤں سَدا

نیکی کا ہے جو راستہ
وہ راستہ مُجھ کو دِکھا
میرے خُدا میرے خُدا
سُن لے دُعا سُن لے دُعا

(اسحاق جلال پوری)

| اساتذہ کے لیے بلند خوانی پر مبنی ہدایات: | | |
|---|---|---|
| بلند خوانی سے پہلے: | بلند خوانی کے دوران: | بلند خوانی کے بعد: |
| پس منظر اور پیشین گوئی۔ طلبہ سے پوچھیے:<br>• طلبہ کو تصویر دکھاتے ہوئے پوچھیے۔کیا آپ کو پتا ہے کہ آج آپ کس طرح کی نظم سنیں گے؟<br>• ”حمد“ کسے کہتے ہیں؟<br>• کیا آپ نے کبھی کوئی حمد سُنی ہے؟<br>طلبہ کو بتائیں کہ آج وہ ایک حمد سُنیں گے۔<br><br>چھپائی کا تصور: نظم کے عنوان پر انگلی رکھتے ہوئے طلبہ کو اس کا نام بتائیے۔ | تفہیمی سوالات:<br>• تصویر دکھاتے ہوئے پوچھیے، اس تصویر میں کیا ہے؟<br><br>• تصویر میں خانۂ کعبہ کہاں ہے؟ | تفہیمی سوالات: طلبہ سے پوچھیے:<br>• یہ حمد آپ کو کیسی لگی؟ اس نظم میں کن کن باتوں کا ذکر ہے؟<br>• شروع اور آخر میں کون کون سے نئے الفاظ دہرائے گئے ہیں؟<br>ذخیرہ الفاظ: طلبہ کے لیے الفاظ درست تلفظ سے دہرائیے اور ان کی درستی کیجیے:<br>• سدا کا کیا مطلب ہے؟ (ہمیشہ)<br>• نظم میں آپ نے کون کون سے نئے لفظ سیکھے؟<br>چھپائی کا تصور:<br>• اس نظم کے پہلے لفظ پر انگلی رکھ کر دکھائیے۔<br>• اس نظم کے آخری لفظ پر انگلی رکھ کر دکھائیے۔<br>صوتی تصور:<br>• میرے بعد جملہ دہرائیے: اے اللہ تو سب سے بڑا ہے۔<br>اس جملے میں کتنے لفظ ہیں؟ ذرا میرے ساتھ انگلیوں پر گنیے۔ |



www.perfect24u.com

## حاصلاتِ تعلّم (SLOs)

اس سبق کی تدریس کے بعد طلبہ:
۱. الفاظ سن کر ان کی ابتدائی آوازیں الگ کر سکیں۔
۲. ابتدائی آوازیں /ج/ اور /چ/ سن کران کے حروف "ج" اور "ح" کو پہچان سکیں۔
۳. حروف کی شکلوں اور ان کے ناموں کو جان سکیں۔
۴. یک رُکنی لفظ پڑھ سکیں۔



# ج

۱ سننا اور بولنا — دو دو الفاظ سُنیے اور بتائیے کہ آواز /ج/ کس لفظ کے شروع میں آ رہی ہے؟

مگ - جگ | جب - سب

۲ پڑھنا، بولنا اور لکھنا — پڑھیے، بولیے اور لکھیے:

ج ج ج ج



# چ

۱ سننا اور بولنا — دو دو الفاظ سُنیے اور بتائیے کہ آواز /چ/ کس لفظ کے شروع میں آ رہی ہے؟

پل - چل | چر - بر

۲ پڑھنا، بولنا اور لکھنا — پڑھیے، بولیے اور لکھیے:

چ چ چ چ

| پڑھیے اور لکھیے: | آب، آپ، آج، آپ آ، آ آپ آ، آج آ، آ آج آ | آچ، آٹ |
|---|---|---|

برائے اساتذہ: صفحات نمبر ۵ اور ۶ پر دی گئی ہدایات کو نہایت توجّہ سے پڑھیے پھر ان پر عمل کرتے ہوئے تدریس کیجیے



www.perfect24u.com

## حاصلاتِ تعلّم (SLOs)

اس سبق کی تدریس کے بعد طلبہ:

۱. الفاظ سن کر ان کی ابتدائی آوازیں الگ کر سکیں۔
۲. ابتدائی آوازیں /ح/ اور /خ/ سن کران کے حروف "ح" اور "خ" کو پہچان سکیں۔
۳. حروف کی شکلوں اور ان کے ناموں کو جان سکیں۔
۴. یک رُکنی لفظ پڑھ سکیں۔

# ح



**۱ سننا اور بولنا** — دو دو الفاظ سُنیے اور بتائیے کہ آواز /ح/ کس لفظ کے شروع میں آرہی ہے؟

حق - شق | حرف - برف

**۲ پڑھنا، بولنا اور لکھنا** — پڑھیے، بولیے اور لکھیے:

ح ح ح ح

# خ



**۱ سننا اور بولنا** — دو دو الفاظ سُنیے اور بتائیے کہ آواز /خ/ کس لفظ کے شروع میں ہے:

خط - بط | خر - در

**۲ پڑھنا، بولنا اور لکھنا** — پڑھیے، بولیے اور لکھیے:

خ خ خ خ

| پڑھیے اور لکھیے: | آب، آپ، آج، آ | آح، آخ |
|---|---|---|

| برائے اساتذہ: | صفحات نمبر ۵ اور ۶ پر دی گئی ہدایات کو نہایت توجّہ سے پڑھیے پھر ان پر عمل کرتے ہوئے تدریس کیجیے |
|---|---|



www.perfect24u.com

# جائزہ

**۱ سننا اور بولنا**

لفظوں کو غور سے سُنیے اور مختلف آواز سے شروع ہونے والا لفظ بتائیے:

بستہ - جال - جاگو | چل - تالا - تار

حلوہ - حلال - خالی | خزانہ - بال - برف

**۲ لکھنا**

حروف کو تصاویر سے ملائیے:

ح 

چ 

خ 

ج 

برائے اساتذہ: صفحات نمبر ۵ اور ۶ پر دی گئی ہدایات کو نہایت توجّہ سے پڑھیے پھر ان پر عمل کرتے ہوئے تدریس کیجیے



www.perfect24u.com

# اسکول

حاصلاتِ تعلّم (SLOs)

اس سبق کی تدریس کے بعد طلبہ:

۱. تین سے پانچ لفظوں پر مشتمل جملے ادا کر سکیں۔
۲. تصویر فہمی اور اپنے اسکول سے متعلق مختصر سوالات کے جواب دے سکیں۔
۳. تصویر دیکھ کر اپنی خوشی یا بے زاری کا اظہار کر سکیں۔
۴. تصویریں اور اشیا دیکھ کر ان کے بارے میں بتا سکیں۔ نام سن کر چیزوں کو پہچان سکیں۔
۵. اپنے اسکول کا سادہ تعارف کرا سکیں۔
۶. سادہ جملہ سن کر دہرا سکیں، اس کا مفہوم سمجھ سکیں اور اس کے الفاظ علیحدہ علیحدہ شناخت کر سکیں۔
۷. بصری لفظ "اسکول" پڑھ اور لکھ سکیں۔




| برائے اساتذہ: | یہ سبق "اسکول" کی تصویر فہمی سے متعلق ہے۔ سرگرمی نمبر ا کے لیے طلبہ سے تصویر پر انگلی رکھ کر چیزوں کی نشان دہی کرنے کو کہیں۔ سرگرمی نمبر ۲ کے لیے الفاظ پر زور دے کر طلبہ کے لیے جملے کی مثالی ادائی کریں۔<br>نوٹ: اس سطح پر لفظ میں شامل ارکان پر زور مت دیں، بلکہ لفظ پر زور دیں۔ |
|---|---|



www.perfect24u.com

تیسرا ہفتہ



# د

## حاصلاتِ تعلّم (SLOs)

اس سبق کی تدریس کے بعد طلبہ:

۱. الفاظ سن کر ان کی ابتدائی آوازیں الگ کر سکیں۔
۲. ابتدائی آوازیں /د/، /ڈ/ اور /ذ/ سن کران کے حروف "د"، "ڈ" اور "ذ" کو پہچان سکیں۔
۳. حروف کی شکلوں اور ان کے ناموں کو جان سکیں۔
۴. یک رُکنی لفظ پڑھ سکیں۔

**۱ سننا اور بولنا** دو دو الفاظ سُنیے اور بتائیے کہ آواز /د/ کس لفظ کے شروع میں آرہی ہے؟

درد – سرد | بس – دس

**۲ پڑھنا، بولنا اور لکھنا** پڑھیے، بولیے اور لکھیے:

د د د د



ڈ



ذ

**۱ سننا اور بولنا** دو دو الفاظ سُنیے اور بتائیے کہ آواز /ڈ/ اور آواز /ذ/ کس لفظ کے شروع میں آرہی ہے؟

پر – ڈر ‖ ڈس – بس | ذرّہ – درّہ ‖ ذخیرہ – جزیرہ

**۲ پڑھنا، بولنا اور لکھنا** پڑھیے، بولیے اور لکھیے:

ڈ ڈ ڈ ذ ذ ذ

| | | |
|---|---|---|
| پڑھیے اور لکھیے: | دا، ڈا، ذا، داد، دادا، دادا آ، آ دادا آ، آج، ذات | آڈ، آذ |

| | |
|---|---|
| برائے اساتذہ: | صفحات نمبر ۵ اور ۶ پر دی گئی ہدایات کو نہایت توجّہ سے پڑھیے پھر ان پر عمل کرتے ہوئے تدریس کیجیے |



www.perfect24u.com

تیسرا ہفتہ



# ر

## حاصلاتِ تعلّم (SLOs)

اس سبق کی تدریس کے بعد طلبہ:

۱. الفاظ سن کر ان کی ابتدائی آوازیں الگ کر سکیں۔
۲. ابتدائی آوازیں /ر/ اور /ڑ/ سن کر ان کے حروف "ر" اور "ڑ" کو پہچان سکیں۔
۳. حروف کی شکلوں اور ان کے ناموں کو جان سکیں۔
۴. یک رُکنی لفظ پڑھ سکیں۔

**۱ سننا اور بولنا** — دو دو الفاظ سُنیے اور بتائیے کہ آواز /ر/ کس لفظ کے شروع میں ہے:

سَب - رَب | رَس - دس

**۲ پڑھنا، بولنا اور لکھنا** — پڑھیے، بولیے اور لکھیے:

ر ر ر ر



# ڑ

**۱ سننا اور بولنا** — دو دو الفاظ سُنیے اور بتائیے کہ آواز /ڑ/ کس لفظ میں ہے؟

پہاڑ - غار | جھاڑ - تال

**۲ پڑھنا، بولنا اور لکھنا** — پڑھیے، بولیے اور لکھیے:

ڑ ڑ ڑ ڑ

| | | |
|---|---|---|
| پڑھیے اور لکھیے: | دا، را، آر، آڑ، آڑا، آپ، آج، رات، راج | ڑاج، ڑاب |

| | |
|---|---|
| برائے اساتذہ: | صفحات نمبر ۵ اور ۶ پر دی گئی ہدایات کو نہایت توجہ سے پڑھیے پھر ان پر عمل کرتے ہوئے تدریس کیجیے |



www.perfect24u.com

تیسرا ہفتہ

حاصلاتِ تعلّم (SLOs)

اس سبق کی تدریس کے بعد طلبہ:
۱. الفاظ سن کر ان کی ابتدائی آوازیں الگ کر سکیں۔
۲. ابتدائی آوازیں /ز/ اور /ژ/ سن کر ان کے حروف "ز" اور "ژ" کو پہچان سکیں۔
۳. حروف کی شکلوں اور ان کے ناموں کو جان سکیں۔
۴. یک رُکنی لفظ پڑھ سکیں۔



# ز

۱ سننا اور بولنا — وو دو الفاظ سُنیے اور بتائیے کہ آواز /ز/ کس لفظ کے شروع میں آ رہی ہے؟

| | |
|---|---|
| زَد - خط | زَر - در |

۲ پڑھنا، بولنا اور لکھنا — پڑھیے، بولیے اور لکھیے:

ز ز ز ز



# ژ

۱ سننا اور بولنا — وو دو الفاظ سُنیے اور بتائیے کہ آواز /ژ/ کس لفظ کے شروع میں آ رہی ہے؟

| | |
|---|---|
| ژالہ - خالہ | ژاژ - رال |

۲ پڑھنا، بولنا اور لکھنا — پڑھیے، بولیے اور لکھیے:

ژ ژ ژ ژ

| | | |
|---|---|---|
| پڑھیے اور لکھیے: | رات، ذات، راز، آب، آج، زارا آ، آ زارا آ | ژا، آز |

| | |
|---|---|
| برائے اساتذہ: | صفحات نمبر ۵ اور ۶ پر دی گئی ہدایات کو نہایت توجّہ سے پڑھیے پھر ان پر عمل کرتے ہوئے تدریس کیجیے |



www.perfect24u.com

تیسرا ہفتہ

# جائزہ

## ۱ سننا اور بولنا

لفظوں کو غور سے سُنیے اور مختلف آواز سے شروع ہونے والا لفظ بتائیے:

آواز - دال - دروازہ | ڈاکٹر - جگ - ڈاک | ذخیرہ - ذرّہ - پردہ

روٹی - دوا - رسّا | باد - بال - جاڑا | انڈا - زرافہ - زبان

## ۲ لکھنا

حروف کو تصاویر سے ملائیے:

د 

ر 

ڈ 

ڑ 

ذ 

ز 

ژ 

برائے اساتذہ: صفحات نمبر ۵ اور ۶ پر دی گئی ہدایات کو نہایت توجّہ سے پڑھیے پھر ان پر عمل کرتے ہوئے تدریس کیجیے



www.perfect24u.com

# وقت دولت ہے

**حاصلاتِ تعلّم (SLOs)**

اس سبق کی تدریس کے بعد طلبہ:

۱. کہانی سن کر اس کا عمومی مطلب سمجھ سکیں ۔
۲. کہانی سن کراس کے کردار وں کو جان سکیں۔
۳. جملے میں الفاظ ارکان پہچان سکیں۔
۴. نام سن کرچیزوں کو پہچان سکیں
۵. بلند خوانی سن کر الفاظ اور جملوں کو درست طور پر ادا کر سکیں۔
۶. اپنا خیال خود رکھنے کے قابل ہو سکیں۔
۷. دو رکنی لفظوں پر مشتمل جملہ سن کر د ہرا سکیں۔ مثلاً : باجا، تالا
۸. گھر / اسکول کے کاموں میں نظم وضبط کا مظاہرہ کر سکیں۔
۹. گھر / اسکول میں دی گئی سادہ ہدایات پر عمل کر سکیں۔



چھُٹی کا دن تھا۔ شاذی کو اپنی سہیلی حنا کے ساتھ باہر کھیلنے جانا تھا۔مگر شاذی دیر تک سوتی رہی۔ جیسے ہی امّی نے اُسے جگایا شاذی باتھ روم کی طرف دوڑی۔



شاذی باورچی خانے میں ناشتا لینے گئی۔جلدی جلدی میں دودھ کا گلاس اس کے ہاتھ سے گر گیا۔



جوتے پہن کر باہر کی طرف جانے لگی تو گر پڑی۔ پریشان ہو کر دیکھا کہ تسمے کھلے ہوئے ہیں۔



دیوار پر ٹنگی ہوئی گھڑی پر نظر پڑی۔ دیر ہو گئی تھی۔ "آج ہر کام غلط کیوں ہو رہا ہے؟"



اُسے پریشان دیکھ کر امّی نے سمجھایا کہ وقت کا خیال رکھو۔ جلدی میں کام خراب ہو سکتا ہے اور چوٹ بھی لگ سکتی ہے۔
شاذی نے کہاکہ امی آپ ٹھیک ہی کہتی ہیں۔



اب وہ اپنا کام وقت پر خود ہی کرتی ہے۔کھیلنے کے بعد اپنے کھلونے جگہ پر رکھتی ہے۔پینسل، کتاب اور کاپیاں وغیرہ بستے میں رکھتی ہے۔ اس طرح اسے کھیلنے کے لیے بھی وقت مل جاتا ہے۔

| نوٹ: | صفحہ نمبر ۱۳ والے فریم میں دیے گئے سوالات کی روشنی میں اس سبق میں دی گئی معلومات پر مبنی سوالات بنا کر بچّوں سے پوچھیے |
|---|---|



www.perfect24u.com



# س

## حاصلاتِ تعلّم (SLOs)

اس سبق کی تدریس کے بعد طلبہ:

۱. الفاظ سن کر ان کی ابتدائی آوازیں الگ کر سکیں۔
۲. ابتدائی آوازیں /س/ اور /ش/ سن کر ان کے حروف "س" اور "ش" کو پہچان سکیں۔
۳. حروف کی شکلوں اور ان کے ناموں کو جان سکیں۔
۴. یک رُکنی لفظ پڑھ سکیں۔

۱ سننا اور بولنا

وہ دو الفاظ سُنیے اور بتائیے کہ آواز /س/ کس لفظ کے شروع میں ہے:

سر - ڈر | بچ - سچ

۲ پڑھنا، بولنا اور لکھنا

پڑھیے، بولیے اور لکھیے:

س س س س



# ش

۱ سننا اور بولنا

وہ دو الفاظ سُنیے اور بتائیے کہ آواز /ش/ کس لفظ کے شروع میں ہے:

شب - سب | شربت - پانی

۲ پڑھنا، بولنا اور لکھنا

پڑھیے، بولیے اور لکھیے:

ش ش ش ش

| | | |
|---|---|---|
| پڑھیے اور لکھیے: | رات، زارا، دادا، دادا آ، آزارا، آزارا آ، آس، راس | زاس، داش |

| | |
|---|---|
| برائے اساتذہ: | صفحات نمبر ۵ اور ۶ پر دی گئی ہدایات کو نہایت توجّہ سے پڑھیے پھر ان پر عمل کرتے ہوئے تدریس کیجیے |



www.perfect24u.com

## حاصلاتِ تعلّم (SLOs)

اس سبق کی تدریس کے بعد طلبہ:

۱. الفاظ سن کر ان کی ابتدائی آوازیں الگ کر سکیں۔
۲. ابتدائی آوازیں /ص/ اور /ض/ سن کران کے حروف "ص" اور "ض" کو پہچان سکیں۔
۳. حروف کی شکلوں اور ان کے ناموں کو جان سکیں۔
۴. یک رُکنی لفظ پڑھ سکیں۔



# ص

**۱ سننا اور بولنا** — وہ دو الفاظ سُنیے اور بتائیے کہ آواز /ص/ کس لفظ کے شروع میں آرہی ہے؟

صف - دف | خط - صاف

**۲ پڑھنا، بولنا اور لکھنا** — پڑھیے، بولیے اور لکھیے:

ص ص ص ص



# ض

**۱ سننا اور بولنا** — وہ دو الفاظ سُنیے اور بتائیے کہ آواز /ض/ کس لفظ کے شروع میں آرہی ہے؟

قبول - ضرور | ضم - خم

**۲ دیکھنا، بولنا اور لکھنا** — دیکھیے، بولیے اور لکھیے:

ض ض ض ض

| | | |
|---|---|---|
| پڑھیے اور لکھیے: | آس، راس، راز، ژاژ، زارا آ | آص، راض، آض |

| | |
|---|---|
| برائے اساتذہ: | صفحات نمبر ۵ اور ۶ پر دی گئی ہدایات کو نہایت توجّہ سے پڑھیے پھر ان پر عمل کرتے ہوئے تدریس کیجیے |



www.perfect24u.com

## حاصلاتِ تعلّم (SLOs)

اس سبق کی تدریس کے بعد طلبہ:

۱. الفاظ سن کر ان کی ابتدائی آوازیں الگ کر سکیں۔
۲. ابتدائی آوازیں /ط/ اور /ظ/ سن کر ان کے حروف "ط" اور "ظ" کو پہچان سکیں۔
۳. حروف کی شکلوں اور ان کے ناموں کو جان سکیں۔
۴. یک رُکنی لفظ پڑھ سکیں۔

# ط



**۱ سننا اور بولنا** — دو دو الفاظ سُنیے اور بتائیے کہ آواز /ط/ کس لفظ کے شروع میں آ رہی ہے؟

طاس - کاس | طاق - چاق

**۲ پڑھنا، بولنا اور لکھنا** — پڑھیے، بولیے اور لکھیے:

ط ط ط ط

# ظ



**۱ سننا اور بولنا** — دو دو الفاظ سُنیے اور بتائیے کہ آواز /ظ/ کس لفظ کے شروع میں آ رہی ہے؟

ظرف - حرف | ظن - بن

**۲ پڑھنا، بولنا اور لکھنا** — پڑھیے، بولیے اور لکھیے:

ظ ظ ظ ظ

| | | |
|---|---|---|
| پڑھیے اور لکھیے: | راج، آج، آرا، آ دادا آ، آ راج آ | آط، آظ |

| | |
|---|---|
| برائے اساتذہ: | صفحات نمبر ۵ اور ۶ پر دی گئی ہدایات کو نہایت توجّہ سے پڑھیے پھر ان پر عمل کرتے ہوئے تدریس کیجیے |



www.perfect24u.com

# جائزہ

**۱ سننا اور بولنا** — لفظوں کو غور سے سُنیے اور مختلف آواز سے شروع ہونے والا لفظ بتائیے:

سڑک - سارس - حلوہ | ذرّہ - شال - شلجم | صندوق - درد - دوا

پہاڑ - صف - صبا | طلبہ - زبان - طیارہ | ظاہر - داور - ظفر

**۲ لکھنا** — حروف کو تصاویر سے ملائیے:

ط


س


ص


ض


ش


ظ


برائے اساتذہ: صفحات نمبر ۵ اور ۶ پر دی گئی ہدایات کو نہایت توجّہ سے پڑھیے پھر ان پر عمل کرتے ہوئے تدریس کیجیے



www.perfect24u.com

# چاند تارے (نظم)

**حاصلاتِ تعلّم (SLOs)**

اس سبق کی تدریس کے بعد طلبہ:

۱. نظم سُن کر لُطف اندوز ہو سکیں۔
۲. نظم سن کر اس سے متعلق سوالوں کے جواب دے سکیں۔
۳. (/ا/، /و/، /ے/) بنیادی حروفِ علت کی آوازوں سے بننے والے الفاظ پہچان کر بول اور لکھ سکیں۔
۴. دو رکنی لفظوں پر مشتمل جملہ سن کر دہرا سکیں۔ مثلاً: بابا تارا لانا



چپکے چپکے آئے ہیں
چاند اور تارے چمکے ہیں
تم کو کیسے لگتے ہیں؟
ہم کو اچھے لگتے ہیں

اپنی آنکھیں کھولیں گے
چاند اور تارے دیکھیں گے
شازی لائے گی جُگنو
تارے لائے گا بَبلُو

سارہ بولی بابا سے
مُجھ کو چندا دو لا کے
سارے مل کر کھیلیں گے
گیت خُوشی کے گائیں گے

(عتیق احمد جیلانی)

| | |
|---|---|
| برائے اساتذہ: | استاد اس نظم کی بلند خوانی کریں۔ (کیوں کہ یہ نظم بچوں کے سُننے کے لیے ہے۔) یہ سبق اب تک سیکھی گئی آوازوں کے اعادے کے لیے تیار کیا گیا ہے۔ |



www.perfect24u.com

## حاصلاتِ تعلّم (SLOs)

اس سبق کی تدریس کے بعد طلبہ:

۱. الفاظ سن کر ان کی ابتدائی آوازیں الگ کر سکیں۔
۲. ابتدائی آوازیں /ع/ اور /غ/ سن کر ان کے حروف "ع" اور "غ" کو پہچان سکیں۔
۳. حروف کی شکلوں اور ان کے ناموں کو جان سکیں۔
۴. یک رُکنی لفظ پڑھ سکیں۔



# ع

**۱ سننا اور بولنا**

وو دو الفاظ سُنیے اور بتائیے کہ آواز /ع/ کس لفظ کے شروع میں آرہی ہے؟

| | |
|---|---|
| قلم - عَلَم | عقیل - وکیل |

**۲ پڑھنا، بولنا اور لکھنا**

پڑھیے، بولیے اور لکھیے:

ع ع ع ع



# غ

**۱ سننا اور بولنا**

وو دو الفاظ سُنیے اور بتائیے کہ آواز /غ/ کس لفظ کے شروع میں آرہی ہے؟

| | |
|---|---|
| غم - نم | غلط - پرت |

**۲ پڑھنا، بولنا اور لکھنا**

پڑھیے، بولیے اور لکھیے:

غ غ غ غ

| | | |
|---|---|---|
| پڑھیے اور لکھیے: | داغ، آس، راس، راج، آ راج آ | داغ، آغ |

| | |
|---|---|
| برائے اساتذہ: | صفحات نمبر ۵ اور ۶ پر دی گئی ہدایات کو نہایت توجّہ سے پڑھیے پھر ان پر عمل کرتے ہوئے تدریس کیجیے |



www.perfect24u.com



# ف

## حاصلاتِ تعلّم (SLOs)

اس سبق کی تدریس کے بعد طلبہ:

۱. الفاظ سن کر ان کی ابتدائی آوازیں الگ کر سکیں۔
۲. ابتدائی آوازیں /ف/ اور /ق/ سن کران کے حروف "ف" اور "ق" کو پہچان سکیں۔
۳. حروف کی شکلوں اور ان کے ناموں کو جان سکیں۔
۴. یک رُکنی لفظ پڑھ سکیں۔

**۱ سننا اور بولنا** — وو دو الفاظ سُنیے اور بتائیے کہ آواز /ف/ کس لفظ کے شروع میں آرہی ہے؟

فرض - قرض | فرق - برق

**۲ پڑھنا، بولنا اور لکھنا** — پڑھیے، بولیے اور لکھیے:

ف ف ف ف



# ق

**۱ سننا اور بولنا** — وو دو الفاظ سُنیے اور بتائیے کہ آواز /ق/ کس لفظ کے شروع میں آرہی ہے؟

قرض - زرد | قمر - خبر

**۲ پڑھنا، بولنا اور لکھنا** — پڑھیے، بولیے اور لکھیے:

ق ق ق ق

| | | |
|---|---|---|
| پڑھیے اور لکھیے: | رف، دف، آن، راز | راق، آق، راف، راق، رق |

| | |
|---|---|
| برائے اساتذہ: | صفحات نمبر ۵ اور ۶ پر دی گئی ہدایات کو نہایت توجّہ سے پڑھیے پھر ان پر عمل کرتے ہوئے تدریس کیجیے |



www.perfect24u.com

## حاصلاتِ تعلّم (SLOs)

اس سبق کی تدریس کے بعد طلبہ:

۱. الفاظ سن کر ان کی ابتدائی آوازیں الگ کر سکیں۔
۲. ابتدائی آوازیں /ک/ اور /گ/ سن کران کے حروف "ک" اور "گ" کو پہچان سکیں۔
۳. حروف کی شکلوں اور ان کے ناموں کو جان سکیں۔
۴. یک رُکنی لفظ پڑھ سکیں۔



# ک

۱ سننا اور بولنا

وہ دو الفاظ سُنیے اور بتائیے کہ آواز /ک/ کس لفظ کے شروع میں آ رہی ہے؟

کب - جب | کم - دم

پڑھنا، بولنا اور لکھنا

پڑھیے، بولیے اور لکھیے:

ک ک ک ک



# گ

۱ سننا اور بولنا

وہ دو الفاظ سُنیے اور بتائیے کہ آواز /گ/ کس لفظ کے شروع میں آ رہی ہے؟

گپ - کپ | گر - پَر

۲ پڑھنا، بولنا اور لکھنا

پڑھیے، بولیے اور لکھیے:

گ گ گ گ

| | | |
|---|---|---|
| پڑھیے اور لکھیے: | آگ، راگ، ڈاک، داغ،، زاغ | آک ،راک |

| | |
|---|---|
| برائے اساتذہ: | صفحات نمبر ۵ اور ۶ پر دی گئی ہدایات کو نہایت توجّہ سے پڑھیے پھر ان پر عمل کرتے ہوئے تدریس کیجیے |



www.perfect24u.com

# جائزہ

## ۱ سننا اور بولنا

لفظوں کو غور سے سُنیے اور مختلف آواز سے شروع ہونے والا لفظ بتائیے:

عَلَم - عینک - چار | غم - رَس - غار | فصل - بال - فرش

قلم - قدم - آواز | شام - کبوتر - کشتی | چلی - گلی - گنّا

## ۲ لکھنا

حروف کو تصاویر سے ملائیے:

| | |
|---|---|
| ق |  |
| ف |  |
| ع |  |
| ک |  |
| غ |  |
| گ |  |

برائے اساتذہ: صفحات نمبر ۵ اور ۶ پر دی گئی ہدایات کو نہایت توجّہ سے پڑھیے پھر ان پر عمل کرتے ہوئے تدریس کیجیے



www.perfect24u.com

حاصلاتِ تعلّم (SLOs)

اس سبق کی تدریس کے بعد طلبہ:

۱. کہانی سن کر اس کا عمومی مطلب سمجھ سکیں اور اس سے متعلق سوالات کے جواب دے سکیں۔
۲. کہانی سن کر اس کے کرداروں کو جان سکیں۔
۳. نام سن کر چیزوں کو پہچان سکیں۔
۴. بلند خوانی سن کر الفاظ اور جملوں کو درست طور پر ادا کر سکیں۔
۵. لفظ کے ارکان کی آوازیں الگ الگ پہچان سکیں۔
۶. اپنے ہم عمروں کے ساتھ میل جول رکھ سکیں۔
۷. گروہی کاموں میں شمولیت اختیار کر سکیں۔ مثلاً: ہفتۂ صفائی، گروہی کھیل وغیرہ۔

# میں سب کچھ کر سکتا ہوں

۱ سننا اور دیکھنا

بلند خوانی:



ایک دن لتا، ہُما اور مائیکل کھیلنے کے لیے گھر سے نکلے۔ ہُما نے کہا، وہ دیکھو خالی گھر میں نئے لوگ آئے ہیں۔ مائیکل بولا، چلو! دیکھتے ہیں کہ کون لوگ ہیں۔ جیسے ہی وہ وہاں پہنچے، اُن کی نظر دروازے کے سامنے وھیل چیئر پر بیٹھے بچّے پر پڑی ۔وہ اُن کا ہم عمر تھا۔ بچّے اُس سے مِل کر بہت خوش ہوئے۔

اُس بچّے نے اپنا نام حمّاد بتایا۔ حمّاد نے بتایا کہ پولیو کی وجہ سے میری ٹانگیں بے کار ہوگئی ہیں۔ اس لیے مَیں چل نہیں سکتا۔ بچپن میں مجھے پولیو کے قطرے نہیں پلائے گئے تھے۔



مائیکل، ہما اور لتا روزانہ حمّاد سے ملنے جاتے اور اُسے اپنے اسکول اور دوستوں کی باتیں بتاتے۔ یہ باتیں سن کر اُسے بھی اسکول جانے کا شوق ہوا۔ اس نے اپنی امّی سے کہا کہ وہ بھی اسکول جانا چاہتا ہے۔ یہ سن کر امّی بہت خوش ہوئیں۔



www.perfect24u.com




اگلے دن حمّاد اپنے والدین کے ساتھ اسکول جا پہنچا۔ پرنسپل صاحبہ حمّاد اور اُس کے والدین سے مِل کر خوش ہوئیں، مگر اُنھوں نے بتایا کہ پہلی جماعت کا کمرہ تو اوپر والی منزل پر ہے۔ حماد تو وھیل چیئر پر ہے، یہ اُوپر کیسے جا سکے گا؟




پھر پرنسپل صاحبہ نے ایک حل سوچا۔ وہ حمّاد کی جماعت کو نیچے والی منزل پر لے آئیں۔



ایک دن مائیکل، ہما اور لتا شام کے وقت حمّاد کے گھر پہنچے اور اُس سے کہا کہ چلو آج ہمارا والی بال کا میچ ہے۔ یہ سن کر حمّاد اُداس ہو گیا اور بولا ”مَیں وہاں جا کر کیا کروں گا! مَیں آپ کے ساتھ نہ تو والی بال کھیل سکتا ہوں اور نہ ہی دوڑ سکتا ہوں۔“

مائیکل بولا: ”پیارے دوست تم کیوں پریشان ہوتے ہو؟ ہم نے تمھیں اِس میچ میں ریفری بنایا ہے۔ تم ہمارے کھیل کا سب سے اہم کردار ادا کرو گے کیوں کہ ریفری کے بغیر کھیل نہیں کھیلا جا سکتا۔“ سب دوست کھیل کے میدان میں پہنچے اور والی بال کے میچ سے لطف اندوز ہوئے۔ حماد کو ریفری کا کردار ادا کرکے بہت مزا آیا۔ اُسے لگا کہ وہ بھی کھیل میں شامِل ہے۔

| | |
|---|---|
| نوٹ: | صفحہ نمبر ۱۳ والے فریم میں دیے گئے سوالات کی روشنی میں اس سبق میں دی گئی معلومات پر مبنی سوالات بنا کر بچّوں سے پوچھیے |



www.perfect24u.com

چھٹا ہفتہ

## حاصلاتِ تعلّم (SLOs)

اس سبق کی تدریس کے بعد طلبہ:

۱. الفاظ سن کر ان کی ابتدائی آوازیں الگ کر سکیں۔
۲. ابتدائی آوازیں /ل/ اور /م/ سن کر ان کے حروف "ل" اور "م" کو پہچان سکیں۔
۳. حروف کی شکلوں اور ان کے ناموں کو جان سکیں۔
۴. یک رُکنی لفظ پڑھ سکیں۔



ل

**۱ سننا اور بولنا** — دو دو الفاظ سُنیے اور بتائیے کہ آواز /ل/ کس لفظ کے شروع میں آ رہی ہے؟

لب ۔ کب | لَٹ ۔ ہَٹ

**۲ پڑھنا، بولنا اور لکھنا** — پڑھیے، بولیے اور لکھیے:

ل ل ل ل



م

**۱ سننا اور بولنا** — دو دو الفاظ سُنیے اور بتائیے کہ آواز /م/ کس لفظ کے شروع میں آ رہی ہے؟

مَن ۔ پَن | مد ۔ صد

**۲ پڑھنا، بولنا اور لکھنا** — پڑھیے، بولیے اور لکھیے:

م م م م

| | | |
|---|---|---|
| پڑھیے اور لکھیے: | آم، دام، دال، رال، ذال | ڈام، ال |

| | |
